حصول علم کے لیے دعائیں



مرتبہ

نگہت ہاشمی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اور اللہ تعالیٰ ہی تعلیم دیتا ہے

وَ يُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيۡمٌ ۝۲۸۲

اور اللہ تعالیٰ تمہیں تعلیم دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔(البقرہ:282)

اللہ تعالیٰ کا علم وسیع ہے

وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيۡءٍ عِلۡمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلۡنَا

ہمارے رب نے ہر چیز کو علم سے گھیرا ہوا ہے۔ہم نے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا۔(الاعراف:89)

اللہ تعالیٰ نے اپنے علم سے ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے

وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدۡ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيۡءٍ عِلۡمًا ۝۱۲

اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے علم میں یقیناً ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے۔(الطلاق:12)

اللہ تعالیٰ کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا

وَلَا يُحِيۡطُوۡنَ بِشَيۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ

اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا وہ چاہے۔(البقرہ:255)

اللہ تعالیٰ ہی علم اور حکمت عطا فرماتے ہیں

وَ كُلًّا اٰتَيۡنَا حُكۡمًا وَّعِلۡمًا ۝۷۹

اور ہم نے دونوں کو حکمت اور علم عطا کیا تھا۔ (الانبیاء:79)

اللہ تعالیٰ علم والوں کے درجات بلند کرے گا

یَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ

اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کے درجات بلند کرے گا جو تم میں سے ایمان لائے اور جن کو علم دیا گیا ہے اللہ تعالیٰ ان کو بلند درجے عطا فرمائے گا۔ (المجادلہ:11)

اللہ تعالیٰ نے یوسف عَلَیْہِ السَّلَام کو بڑا علم عطا فرمایا

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗۤ اٰتَیْنٰهُ حُكْمًا وَّ عِلْمًا

اور جب وہ پختہ عمری کو پہنچا، ہم نے اسے بڑی قوتِ فیصلہ اور بڑا علم عطا کیا۔ (یوسف:22)

اللہ تعالیٰ نے موسیٰ عَلَیْہِ السَّلَام کو علم اور حکمت عطا فرمائی

وَ لَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَیْنٰهُ حُكْمًا وَّ عِلْمًا ؕ وَ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۴﴾

اور جب موسیٰ اپنی جوانی کو پہنچا اور پورا توانا ہو گیا تو ہم نے اُسے حکمت اور علم عطا کیا اور اسی طرح ہم نیک لوگوں کو جزا دیتے ہیں۔ (القصص:14)

اللہ تعالیٰ نے اپنے علم سے قرآن حکیم نازل فرمایا

لٰكِنِ اللّٰهُ یَشْهَدُ بِمَاۤ اَنْزَلَ اِلَیْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ

لیکن اللہ تعالیٰ اس پر گواہی دیتا ہے جو کہ اُس نے آپ پر اُتارا ہے کہ اُس نے اسے

اپنے علم سے اتارا ہے۔ (النساء:166)

علم رب ہی کے پاس ہے

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ

آپ کہہ دیں: ''یقیناً اس کا علم میرے رب ہی کے پاس ہے۔

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللهِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾

آپ کہہ دیں: ''بلاشبہ اس کا علم اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔'' (الاعراف: 187)

علم میں اضافہ کی دعا

رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

اے میرے رب! مجھے علم میں زیادہ کر! طٰہٰ:114)

علم نافع کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا
وَّاَعُوْذُبِكَ مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ

اے اللہ ! میں تجھ سے نفع بخش علم کا سوال کرتا ہوں اور فائدہ نہ دینے والے علم سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ (سلسلہ احادیث صحیحہ:1511)

علم سے نفع اٹھانے کی دعا

اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ ،وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ
وَارْزُقْنِیْ عِلْمًا تَنْفَعُنِیْ بِهٖ

اے اللہ! تو مجھے جو علم عطا فرمائے اس سے مجھے فائدہ پہنچا اور مجھے وہ علم دے جو مجھے فائدہ دے اور مجھے ایسا علم دے جس کے ذریعے میں فائدہ اٹھا سکوں۔ (صحیحہ:3151)

غیر نافع علم سے پناہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عِلْمٍ لَّایَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ
وَمِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَۃٍ لَّا یُسْتَجَابُ لَهَا

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں اس علم سے جو نفع نہ دے اور اس دل سے جو نہ ڈرے اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو اور اس دعا سے جو قبول نہ کی جائے۔ (مسلم:6906)

علم نافع اور مقبول عمل کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا طَیِّبًا وَّعَمَلاً مُّتَقَبَّلاً

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے فائدہ دینے والے علم، پاک رزق اور قبول ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔ (ابن ماجہ:925)

لاعلمی کی وجہ سے ہونے والی خطاؤں کے وبال سے بچنے کی دعا

رَبِّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اَسْئَلَكَ مَا لَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ

وَ اِلَّا تَغْفِرْلِيْ وَ تَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۴۷﴾

اے میرے رب میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں کہ آپ سے اس بات کا سوال کروں جس کا مجھے کچھ علم نہیں اور اگر آپ نے مجھے معاف نہ کیا اور مجھ پر رحم نہ فرمایا تو میں خسارہ پانے والوں میں سے ہو جاؤں گا۔ (ہود:47)

لاعلمی پر استغفار کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ وَ اَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ

اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں جان بوجھ کر تیرے ساتھ کسی کو شریک کروں اور جو میں نہیں جانتا ہوں اس کے لیے تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔ (الادب المفرد:716)

سمجھ بوجھ کے لیے دعا

اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ

اے اللہ! میری سمجھ بوجھ الہام کر دے اور مجھے میرے نفس کی برائی سے بچا۔

(ترمذی:3483)

قرآن مجید کے علم کے لیے دی جانے والی دعا

اَللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ

اے اللہ! اسے کتاب (قرآن) کا علم عطا فرما۔ (بخاری:75)

یہ دعا کہ قرآن مجید کا علم نصیب ہو

اَللّٰھُمَّ عَلِّمْهُ الْكِتَا بَ وَالْحِسَا بَ وَقِهِ الْعَذَابَ

اے اللہ! اسے حساب و کتاب سکھا دے اور اس کو عذاب سے بچا۔ (صحیحہ:3227)

دین کی سمجھ داری اور کتاب کے علم کے لیے دی جانے والی دعا

اَللّٰھُمَّ فَقِّهْهُ فِیْ الدِّيْنِ وَ عَلِّمْهُ التَّأْوِيْلَ

اے اللہ! اسے دین کی سمجھ عطا فرما اور کتاب کی تاویل و تفسیر سمجھا۔ (مسند احمد:2397)

حق سمجھنے اور اس پر چلنے کے لیے دعا

اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّارْزُقْنَااِتِّبَاعَهُ

وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلاً وَّارْزُقْنَااِجْتِنَابَهُ

اے اللہ ہمیں حق کو حق دکھا اور اس پر چلنے کی توفیق عطا فرما اور باطل کو باطل دکھا اور اس سے بچنے کی توفیق عطا فرما۔ (تفسیر ابن کثیر:452)

نور کے لیے دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِی نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًاوَّعَنْ يَّمِيْنِیْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّسَارِیْ نُوْرًاوَّفَوْقِیْ نُوْرًا

وَّتَحْتِیْ نُوْرًا وَّاَمَامِیْ نُوْراً وَّخَلْفِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَعَصَبِیْ نُوْرًا وَّلَحْمِیْ نُوْرًا وَّدَمِیْ نُوْرًا وَّشَعْرِیْ نُوْرًا وَّبَشَرِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا

اے اللہ میرے ڈال سے میرے دل میں نور، میری آنکھوں میں نور، میرے کانوں میں نور، میرے دائیں نور، میرے بائیں نور، میرے اوپر نور، میرے نیچے نور، میرے آگے نور، میرے پیچھے نور، بنادے میرے لیے نور، میری زبان میں نور، اور بنادے میرے پٹھے نورانی، میرا گوشت نورانی، میرا خوں نورانی، میرے بال نورانی، میری جلد نورانی اور ڈال دے میرے نفس میں نور اور بڑھادے میرے لیے نور، اے اللہ مجھے نور عطا فرما۔ (مشکوٰۃ المصابیح:1195)

دل اور زبان کھلنے اور کام میں آسانی کی دعا

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَ یَسِّرْ لِیْۤ اَمْرِیْ ﴿۲۶﴾ وَ احْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ﴿۲۷﴾ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ﴿۲۸﴾

اے میرے رب! میرے لئے میرا سینہ کھول دے اور میرے کام کو میرے لیے آسان کردے اور میری زبان کی گرہ کو کھول دے تاکہ وہ میری بات سمجھیں۔ (طٰہٰ:25۔28)

النور ویلفیئر فاؤنڈیشن

لاہور: H-102 گلبرگ III لاہور 0336-4033045, 042-35851301, 35881169

فیصل آباد: 121A فیصل ٹاؤن ویسٹ کینال روڈ فیصل آباد 0336-4033050, 041-8759191-92

کراچی: گراونڈ فلور کراچی بیچ ریذیڈنسیز بلاول ہاؤس کلفٹن بلاک 2 کراچی 0336-4033034, 021-35292341-42

www.alnoorpk.com sales@alnoorpk.com

Nighat Hashmi Alnoor International 0336-4033042/49

